’’شیطان تم میں سے ہر آدمی کے سر کے پیچھے رات میں سوتے وقت تین گرہیں لگا دیتا ہے اور ہر گرہ پر یہ پھونک مارتا ہے کہ سوجا، ابھی رات بہت باقی ہے‘‘

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ’’شیطان تم میں سے ہر آدمی کے سر کے پیچھے رات میں سوتے وقت تین گرہیں لگا دیتا ہے اور ہر گرہ پر یہ پھونک مارتا ہے کہ سوجا، ابھی رات بہت باقی ہے پھر اگر کوئی بیدار ہو کر اللہ کو یاد کرنے لگے تو ایک گرہ کھُل جاتی ہے پھر اگر وضو کر لے تو ایک اور گرہ کھل جاتی ہے پھر اگر نماز پڑھے تو ایک اور گرہ بھی کھل جاتی ہے اس طرح صبح کے وقت آدمی چاق وچو بند اور خوش مزاج رہتا ہے ورنہ غمگین اور سست رہتا ہے"

[صحیح] [متفق علیه]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم بتا رہے ہیں کہ جب انسان تہجد یا فجر کی نماز کے لیے اٹھنا چاہتا ہے، تو کس طرح شیطان اسے روکنے کی کوشش کرتا ہے ایک مومن شخص جب سو جاتا ہے، تو شیطان اس کے سر کے پچھلے حصے میں تین گرہیں لگا دیتا ہے چنانچہ جب وہ جاگ کر اللہ کو یاد کرتا ہے اور شیطان کے وسوسوں کو خلل ڈالنے نہیں دیتا، تو ایک گرہ کھل جاتی ہے اس کے بعد اگر وضو کرتا ہے، تو دوسری گرہ کھل جاتی ہے پھر اگر اٹھ کر نماز پڑھتا ہے، تو تیسری گرہ بھی کھل جاتی ہے نتیجے کے طور انسان صبح اس حال میں کرتا ہے کہ وہ خوش مزاج اور چاق وچوبند رہتا ہے کیوں کہ طاعت کے لئے توفیق الٰہی ملنے کی وجہ سے وہ مسرور ہوتا ہے ساتھ ہی اللہ نے جو ثواب ومغرفت کا وعدہ کیا ہے اس سے اچھی امید رکھتا ہے اور اس بات پر بھی خوش ہوتا ہے کہ شیطان کے ہتھکنڈے ناکام ہو گئے اس کے برعکس اگر وہ عبادت کے لیے کھڑا نہیں ہوا، تو اس کی صبح بدمزاجی، کبیدگی اور بھلائی و نیکی کے کاموں میں سستی کے ساتھ ہوتی ہے کیوں کہ دراصل وہ شیطانی زنجیر میں قید اور رحمن کی قربت سے دور کر دیا گیا ہوتا ہے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3731